پری فزیبلیٹی تحقیق

(انگوروں کی کاشتکاری)

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

ہیڈ آفس

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 456 111 111 42 92

فیکس 7-36304926 42 92

helpdesk@smeda.org.pk

ریجنل آفس پنجاب

بلڈنگ نمبر 3، فلور:3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور

ٹیلی فون:111-111-456 (042)

فیکس نمبر:7-36304926(0423)

helpdesk.punjab@smeda.org.pk

ریجنل آفس سندھ

بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

ٹیلی فون:111-111-456 (021)

فیکس نمبر:35610572 (021)

helpdesk-khi@smeda.org.pk

ریجنل آفس خیبر پختونخوا

دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور

ٹیلی فون:9213046-47 (091)

فیکس نمبر:286908 (091)

helpdesk-pew@smeda.org.pk

ریجنل آفس بلوچستان

بنگلو نمبر:15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ

ٹیلی فون:2831623, 2831702 (081)

فیکس نمبر:2831922 (081)

helpdesk-qta@smeda.org.pk

نمبر شمار	فہرست عنوانات	صفحہ نمبر
1	اظہار لاتعلقی	2
2	اجمالی جائزہ	2
3	سمیڈا کا تعارف	2
4	دستاویز کا مقصد	3
5	کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان	3
5.1	انگوروں کی کاشت اور پیداواری عمل	4
5.2	پیداواری صلاحیت	4
6	انتہائی قابل توجہ امور	4
7	انگور کی کاشت کیلئے مناسب جغرافیائی علاقے	5
8	انگور کے پھل کی ممکنہ منڈیاں اور گاہک	5
9	منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ	5
9.1	معاشی کیفیت	5
9.2	درکار سرمایہ	6
9.3	کل لاگت کاروبار	6
9.4	درکار زمین	6
9.5	فارم سٹرکچر، پودے اور آلات	7
9.6	فرنیچر اور فکسچرز	7
9.7	قبل از پیداوار لاگت	8
9.8	درکار افرادی قوت	9
9.9	متفرق لاگتیں	9
9.10	آمدن، متوقع آمدن اور پیداوار	9
10	ماہرین و مشیران	9
10.1	فارم کے ڈھانچہ اور ساخت میں استعمال ہونے والی اشیاء کے فروخت کنندگان	9
10.2	کاشت کیلئے انگوروں کے پودوں کے سپلائر	9
10.3	ٹیکنیکل ایکسپرٹ، کنسلٹنٹس	10
11	کارآمد روابط	10
12	ضمیمہ جات	12
12.1	آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ)	12
12.2	اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ)	13
12.3	گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو)	14
13	کلیدی مفروضے	15
13.1	روزمرہ کے اخراجات کا مفروضہ	15
13.2	پیداواری مفروضات	15
13.3	آمدنی کے مفروضات	16
13.4	مالیاتی مفروضات	16

1۔ اظہارلاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواداس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔اگر چہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات جو ہے جیسے ہے کی بنیاد پر دی گئی ہیں جس میں سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔البتہ اس کام کو کرتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ SMEDA نے تیار کی ہے۔ SMEDA کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے SMEDA کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

2۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے نہایت زرخیز زرعی زمین سے نوازا ہے۔ یہ زمین مختلف اقسام کی زرعی اجناس پھل اور سبزیاں اُگانے کے بہترین مواقع فراہم کرتی ہے جن کے ذریعے سے نہ صرف ملکی ضروریات پوری کی جا سکتی ہیں بلکہ انہیں برآمدات کا ذریعہ بھی بنایا جا سکتا ہے۔اسی وجہ سے انگور کی کاشتکاری پاکستانی کسانوں میں مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔ انگور کی کاشت پاکستان کے مختلف علاقوں خاص طور پر بلوچستان، خیبر پختونخوا اور جنوبی پنجاب میں زیادہ مقبول ہے۔ یہ فزیبلٹی رپورٹ بغیر بیج کے انگور کی کاشتکاری کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔اس مقصد کیلئے پانچ ایکڑ کی زرعی اراضی کو بنیاد بناتے ہوئے انگور کی مندرجہ ذیل اقسام کی کاشت کے بارے میں معلومات فراہم کی گئی ہے: تھامسن، ریڈ گلوب، کارڈینل، سلطانہ، نارک بلیک وغیرہ۔انگور کا ایک پودا 10 سال تک پھل دینے کی صلاحیت رکھتا ہے اور کاشت کے تقریباً ایک سال کے بعد پیداوار دینا شروع کر دیتا ہے۔اس پری فزیبلٹی رپورٹ میں ایک ایکڑ میں انگور کے 600 پودے لگانے کو بنیاد بنایا گیا ہے جس کے ذریعے فی ایکڑ اوسط پیداوار تقریباً 4,200 کلوگرام تک حاصل کی جا سکتی ہے۔اس پیداوار کا تقریباً 10 فیصد ضائع ہو جاتا ہے۔کسی بھی زرعی فصل کی طرح انگور کی پیداوار پر زمین کی ساخت اور ماحول اثر انداز ہوتا ہے لہٰذا کاشتکاری کی بہترین تدابیر، زرعی علم سے واقفیت اور تجربہ اس کاروبار کی کامیابی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔

انگور کا 5 ایکڑ کا فارم بنانے کی کل لاگت تقریباً 3.11 ملین روپے ہے جس میں سے تقریباً 2.45 ملین روپے کیپٹل کاسٹ ہے اور 67. ملین ورکنگ کیپٹل کے طور پر درکار ہے۔اس کاروبار کی NPV 2.47 ملین ہے جبکہ IRR اور Pay back period بالترتیب 34 فیصد اور 3.57 سال ہے۔

3۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کے تصور کی خاطر چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے قیام کے ذریعے سے تکمیل کے لئے عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا تعارف، ان کا طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، منڈیوں اور صارفین تک رسائی و فراہمی، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔

4۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت،اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیر نظر دستاویز میں انگور کی کاشت کا فارم قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تاکہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کرسکیں۔

کاروبار کی ایسی اقسام ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات میسر بھی نہیں ہیں۔لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعد ازاں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیئے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

5۔ کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT & PRODUCT)

پاکستان میں انگور نا صرف تازہ پھل کے طور پر کھایا جاتا ہے، بلکہ اس کا استعمال مختلف اقسام کے جوس اور کشمش بنانے کیلئے بھی کیا جاتا ہے، لہٰذا انگور کی طلب سارا سال قائم رہتی ہے۔البتہ اس کی قیمت فروخت سیزن کے آغاز اور اختتام پر اپنی بلند ترین سطح پر ہوتی ہے۔انگوروں کی کاشت کسانوں کیلئے ایک نہایت منافع بخش کاروبار ثابت ہوسکتی ہے۔اگر اسے جدید کاشتکاری کے طریقوں کی بنیاد پر کیا جائے۔مجوزہ کاروبار ایک درمیانے درجے کے 15 ایکڑ انگوروں کے فارم کی بنیاد پر ترتیب دیا گیا ہے۔انگور کی بہت ساری ایسی اقسام ہیں جو پاکستان کے مرطوب اور گرم مرطوب علاقوں میں کاشت کیلئے موزوں ہیں البتہ اس مخصوص پری فزیبلٹی رپورٹ کیلئے انگور کی مندرجہ ذیل اقسام جنوبی پنجاب اور سندھ کے علاقوں میں کاشت کیلئے تجویز کی جاتی ہے۔

- ☆......تھامسن(Thompson)
- ☆......ریڈگلوب(Red Globe)
- ☆......کارڈینل(Cardinal)
- ☆......کنگز روبی(Kings Ruby)
- ☆......نارک بلیک(Narc Black)
- ☆......پرلیٹ(Perlette)
- ☆......کرمسن(Crimson)
- ☆......سلطانہ(سندرخانی)(Sultana)

زمین کی تیاری، پودوں کی لگوائی اور پیداوار کے حصول کیلئے تقریباً 13 ماہ کا عرصہ درکار ہے جبکہ انگور کا ایک پودا تقریباً 10 سال تک پیداوار فراہم کرسکتا ہے۔ایک ایکڑ میں تقریباً انگور کے 600 پودے لگائے جاتے ہیں جن سے تقریباً 4,200 کلوگرام پیداوار حاصل کی جاتی ہے اور پیداوار کا 10 فیصد ضائع ہوجاتا ہے۔

مجوزہ فارم کی پیداواری صلاحیت تقریباً 21,000 کلو انگور سالانہ ہوگی جبکہ 2 افراد کو روزگار کے مواقع بھی فراہم ہوں گے۔علاوہ ازیں پھل کی چنائی اور پیکنگ کیلئے مزدور بھی درکار ہوں گے۔مذکورہ فارم 15 ایکڑ قطعہ اراضی پر بنایا جائے گا جو کہ ٹھیکے پر حاصل کی جائے گی اس کاروبار کی کل لاگت 3.10 ملین روپے ہے۔مالیاتی تجزیہ یہ بتاتا ہے کہ یہ کاروبار پیداوار کے دوسرے سال سے منافع بخش ثابت ہوگا۔

5.1۔ انگوروں کی کاشت اور پیداواری عمل

انگور کی کاشت اور پیداوار حاصل کرنے کیلئے مندرجہ ذیل مراحل طے کئے جاتے ہیں۔

زمین کی تیاری
لیزر لیولنگ، گہرا ہل، ہیرونگ
(Harrowing)

←

زمین کو کھاد کی فراہمی (تیار شدہ قدرتی کھاد تقریباً 10 ٹن فی ایکڑ پودوں کی کاشت سے تقریباً 60 دن پہلے ڈالی جائے) علاوہ ازیں تجویز کردہ کیمیائی کھاد پودوں کی کاشت سے پہلے فراہم کریں

←

انگور کی اقسام کا چناؤ

↓

ملچ بچھانا (Plant Mulching)

→

پودوں کو سہارا دینے کیلئے بانس اور دھاتی تاروں کی مدد سے فارم سٹرکچر کی تیاری

→

پودوں کا بچاؤ
پودوں کی نگرانی اور مستقل بنیادوں پر پانی اور کھاد کی فراہمی

↓

پھل توڑنا یا پھلوں کا تڑاؤ

←

پھل کی گریڈنگ اور مناسب پیکنگ

5.2۔ پیداواری صلاحیت

انگوروں کا مجوزہ فارم 5 ایکڑ قطعہ اراضی پر مشتمل ہوگا جس میں تقریباً 600 پودے فی ایکڑ کے حساب سے 3 ہزار پودے لگائے جائیں گے۔

پہلے سال کے اختتام پر انگور کی فی پودا اوسط پیداوار تقریباً 5 کلو ہے جبکہ باقی ماندہ سالوں میں پودا تقریباً 7 کلو کے حساب سے پیداوار دیتا ہے لہٰذا مجوزہ فارم پہلے سال حاصل کی جانے والی پیداوار تقریباً 15,000 کلو ہوگی جبکہ باقی ماندہ سالوں میں تقریباً 21,000 کلو سالانہ پیداوار حاصل کی جائے گی۔

6۔ انتہائی قابل توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

اس کاروبار کی کامیابی کیلئے مندرجہ ذیل نکات نہایت اہمیت کے حامل ہیں:

☆...... جدید طریقہ ہائے زراعت پر مکمل انحصار اس کاروبار کی کامیابی کی کنجی ہے لہٰذا کاشتکار کی تکنیکی علم سے واقفیت اور تجربہ اشد ضروری ہے۔

☆...... اس کاروبار کی تجارتی کامیابی کا انحصار اعلیٰ کوالٹی کے پودوں کے چناؤ اور اچھی کوالٹی کی کھادوں کی بروقت اور مسلسل ترسیل پر ہے۔

☆...... پودوں کی ورائٹی کا چناؤ، زمین کی ساخت اور علاقے کے موسمی حالات کے مطابق کیا جانا چاہئے۔

☆...... زمین کے اندر موجود غذائی مادوں کی جانچ Soil Testing کے ذریعے کی جانی چاہیے۔

☆...... پھل کے کیڑوں اور بیماریوں کا بروقت تدارک کیا جانا بے حد ضروری ہے۔

☆...... پانی اور کھاد کی بروقت فراہمی اور پودوں کی نگہداشت

☆...... بعد از پیداوار پھلوں کی دھلائی، گریڈنگ، پیکنگ اور مارکیٹ تک ترسیل کے مناسب انتظامات کرنا بھی اشد ضروری ہے۔

7۔ انگور کی کاشت کیلئے مناسب جغرافیائی علاقے

پاکستان میں انگور کی پیداوار کا 70 فیصد بلوچستان سے حاصل کیا جاتا ہے جبکہ باقی ماندہ پیداوار کا زیادہ تر حصہ خیبر پختونخوا اور پنجاب کے کچھ علاقوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔

مندرجہ ذیل شہر انگور کی پیداوار کیلئے زیادہ مشہور ہیں:

کوئٹہ، پشین، کوٹ عبداللہ، لورالائی، قلات، مستونگ، کھاران، پنجگور، سوات، چارسدہ، نوشہرہ، چکوال، ایبٹ آباد، چترال، بہاولپور وغیرہ

پڑوسی ملک میں صحرائی علاقوں میں انگور کی کاشت کی کامیابی کے بعد پاکستان میں چولستان اور تھر کے مناسب مقامات پر انگور کی کاشت کے اچھے مواقع پیدا کئے جا سکتے ہیں، بہاولپور، رحیم یار خان، صادق آباد، ملتان، مظفر گڑھ، ڈیرہ غازی خان، خیر پور اور میر پور خاص میں انگور کی کاشت کیلئے موزوں مقامات ہیں۔

8۔ انگور کے پھل کی ممکنہ منڈیاں اور گاہک

انگور کی پیداوار کے متوقع گاہکوں کی 2 اقسام ہیں۔ ایک تو وہ مارکیٹیں اور ڈیپارٹمنٹل سٹور جہاں پر متمول افراد خریداری کیلئے آتے ہیں اور تازہ پھل پیک شدہ حالت میں خریدنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ پاکستان کے تمام بڑے شہروں بشمول کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، راولپنڈی، ملتان، فیصل آباد، حیدرآباد وغیرہ اس قسم کے کاروبار کے لئے متوقع منڈیاں ہیں۔ اور دوسرے جوس بنانے کے مختلف ادارے جن کی فیکٹریاں پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں پائی جاتی ہیں، انگور کی تھوک میں فروخت کیلئے متوقع گاہک ہو سکتے ہیں، اس کے علاوہ مشرق وسطیٰ، یورپ، رشیا وغیرہ پاکستانی فروٹ کی نمایاں طلب کے ساتھ انگور کی برآمدات کیلئے منفرد مواقع فراہم کرتا ہے۔

9۔ منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ

انگور کی کاشت کے کاروبار کے تجارتی طور پر قابل عمل ہونے کو پرکھنے کیلئے ایک تفصیلی فنانسنگ ماڈل تیار کیا گیا ہے۔

9.1۔ معاشی کیفیت (PROJECT ECONOMICS)

اس فنانسنگ ماڈل میں دیئے گئے اعداد و شمار کے مطابق ایک سال میں 1.56 ملین مالیت کے انگور فروخت ہوں گے۔ پہلے سال فی پودا پیداوار 5 کلوگرام اور باقی سالوں میں 7 کلوگرام فی پودا پیداوار حاصل ہوگی۔ مندرجہ ذیل جدول میں اندرونی شرح منافع (انٹرنل ریٹ آف ریٹرن IRR)، کل لاگت کی مدت واپسی (پے بیک پیریڈ Pay back period) اور موجودہ قدر حاصل NPV کی تفصیل دی گئی ہے۔

جدول نمبر 1: معاشی کیفیت

مندرجات	تفصیلات
اندرونی شرح منافع (IRR)	34 فیصد
کل لاگت کی مدت واپسی (Payback Period)	3.56 سال
موجودہ قدر حاصل (NPV)	2,508,607 روپے

9.2۔ درکارسرمایہ (PROJECT FINANCING)

درکارذاتی سرمائے اور بینک کے قرضے کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے۔

جدول نمبر2: درکارسرمایہ

مندرجات	تفصیلات
کل ذاتی سرمایہ(50فیصد)	1,549,442روپے
بینک کاقرضہ(50فیصد)	1,549,442روپے
بینک کے قرضے پرشرح منافع	14فیصدسالانہ
قرضہ کی مدت	5سال

9.3۔ کل لاگت کاروبار (PROJECT COST)

تجویز کردہ کاروبارکو چلانے کیلئے مندرجہ ذیل مستقل اور گردشی سرمائے کی ضرورت ہوگی:

جدول نمبر3:کل لاگت کاروبار

مندرجات	رقم(روپے)
مستقل لاگت	
تعمیرات وغیرہ	690,000
فارم سٹرکچر، پودے، آلات	1,191,750
فرنیچراور فکسچرز	25,900
قبل از پیداوارلاگت	528,049
کل مستقل لاگت	**2,435,699**
خام مال کی انوینٹری	36,781
پیشگی کرایہ(زرعی زمین)	301,309
نقد	325,095
کل گردشی سرمایہ	**663,185**
منصوبہ کی کل لاگت	**3,098,885**

9.4۔ درکارزمین (SPACE REQUIREMENT)

انگور کی کاشت کے تجویز کردہ کاروبار کے لئے عمومی طور پر 5 ایکڑ زرعی اراضی درکار ہوگی۔ زرعی زمین کو ٹھیکے پر حاصل کرنا تجویز کیا جاتا ہے۔ زمین کا اوسط ٹھیکہ جنوبی پنجاب اور سندھ کے ملحقہ علاقوں میں 30 سے 70 ہزارروپے کے درمیان فی ایکڑ سالانہ کے حساب سے مہیا ہوسکتی ہے۔ اس پری فزیبلٹی کے لئے ٹھیکے کی اوسط رقم 60 ہزارروپے خرچ کی گئی ہے۔ اس پراجیکٹ کی تعمیراتی ضروریات بنیادی طور پرفروٹ شیڈ، فروٹ سٹوراور لیبر کی رہائش وغیرہ پر مشتمل ہے جس کی مزید تفصیل مندرجہ ذیل ٹیبل میں دی گئی ہے۔

جدول نمبر 4: درکار زمین

مندرجات	اندازاًرقبہ (مربع فٹ)	لاگت فی یونٹ (روپے)	ماہانہ کرایہ (روپے)
شیڈ برائے چھانٹی اور پیکنگ	600	700	420,000
فروٹ سٹور کرنے کیلئے کمرہ	100	800	80,000
سٹور	100	800	80,000
واش روم	50	600	30,000
لیبر روم	100	800	80,000
ٹوٹل			690,000

9.5۔ فارم کی ساخت، پودے اور دیگر آلات

جدول نمبر 5: فارم کی ساخت، پودے اور دیگر آلات

مندرجات	تعداد	لاگت فی یونٹ (روپے)	کل لاگت (روپے)
پودہ جات (انگور)	3000	60	180,000
کنکریٹ پلرز (پول)	850	250	212,500
لوہے کے پائپ	2,700	125	337,500
سٹیل کی تاریں	425	110	46,750
فارم کیلئے دیگر آلات	1	40,000	40,000
انگور دھونے کیلئے پلاسٹک ٹب	250	300	75000
پھل کی کانٹ چھانٹ کیلئے اوزار	1	20,000	20,000
سپرے مشین	1	30,000	30,000
واٹر پمپ اور پانی کے ٹینک کی تنصیب	1	25,000	25,000
پودوں کی کاشت کیلئے کھدائی	3,000	40	120,000
پودوں کی کاشت کیلئے بھروائی	3,000	30	90,000
وزن کرنے کیلئے ترازو	1	15,000	15,000
کل			**1,191,750**

9.6۔ فرنیچر اور فکسچرز (FURNITUER AND FIXTURE REQUIREMENT)

انگور کے پودوں کو سہارا دینے کیلئے کنکریٹ کے پلر، دھاتی پائپ اور جستی تار وغیرہ استعمال کئے جاتے ہیں۔ مجوزہ فارم کے لئے اس مد میں اخراجات کی تفصیل مندرجہ ذیل ٹیبل میں فراہم کی گئی ہے۔

جدول نمبر 6: فرنیچرز اور فکسچرز

مندرجات	تعداد	لاگت فی کس (روپے)	کل لاگت (روپے)
کرسیاں	2	1,000	2,000
پیکنگ کے لئے میز	3	5,000	15,000
سٹول	5	500	2,500
لائٹنگ وغیرہ			2,000
پنکھے	2	2,200	4,400
ٹوٹل			**25,900**

9.7۔ قبل از پیداوار لاگت (PRE-OPERATING COST DETAIL)

انگور کے فارم کیلئے قبل از پیداوار لاگت بشمول ملازموں کی تنخواہ، فارم سٹرکچر، کاشت کیلئے زمین کی تیاری اور دیگر اخراجات کی تفصیل مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہے:

جدول نمبر 7: قبل از پیداوار لاگت

مندرجات	کل لاگت (روپے)
مستقل ملازمین کی تنخواہیں (12 ماہ کی)	326,000
فصل کیلئے پانی، سبز کھاد وغیرہ پودوں کی بوائی سے پہلے	103,480
آبپاشی (12 ماہ)	78,000
فنگل سپرے (بوائی کے 6 ماہ بعد)	2,750
سود (قبل از پیداوار)	17,819
کل قبل از پیداوار لاگت	**528,049**

9.8۔ درکار افرادی قوت (HUMAN RESOURCE REQUIREMENT)

اس کاروبار کیلئے مندرجہ ذیل افرادی قوت درکار ہے:

جدول نمبر 8: درکار افرادی قوت

مندرجات	ملازمین کی تعداد	ماہانہ تنخواہ (فی کس) (روپے)
فارم سپروائزر	1	14,000
ملازم (مستقل)	1	12,000
ملازمین (عارضی) 2 مہینے کیلئے		12,000

اوپر دیئے گئے مستقل افرادی قوت کے علاوہ فروٹ کی پیکنگ اور چھانٹی وغیرہ کیلئے نیم ہنر مند مزدور کاروباری ضروریات کے مطابق بھرتی کئے جائیں گے۔ تمام افراد کی تنخواہیں 10 فیصد سالانہ کے حساب سے بڑھائی جائیں گی۔

9.9۔ متفرق لاگتیں (UTILITIES & OTHER COSTS)

اس کاروبار میں پانی، کھاد اور کرم کش ادویات کے سپرے وغیرہ کے اخراجات نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ پہلے سال اس مد میں 390,753 روپے خرچ کئے جائیں گے جبکہ آنے والے سالوں میں یہ اخراجات 10 فیصد سالانہ کے حساب سے بڑھیں گے۔ فروٹ کی پیکنگ کے اخراجات 60,000 روپے سالانہ فرض کئے گئے ہیں۔ اسی طرح سے بجلی وغیرہ کے اخراجات تقریباً 5 ہزار روپے ماہوار اور ٹیلی فون وغیرہ کے اخراجات تقریباً 3 ہزار روپے ماہوار فرض کئے گئے ہیں۔

9.9۔ آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (REVENUE GENERATION)

پھلوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی کی تفصیلات مندرجہ ذیل ٹیبل میں فراہم کی گئی ہے:

جدول نمبر 9: آمدن (ایک سال)

مندرجات	انگور کی پیداوار (ضائع ہونے کے بعد) کلوگرام	قیمت فروخت (کلوگرام)	ایک سال کی آمدنی (روپے)
انگور	12,000	130	1,560,000

10۔ ماہرین و مشیران (CONTACT DETAILS OF EXPERTS & CONSULTANTS)

10.1۔ فارم کے ڈھانچہ اور ساخت میں استعمال ہونیوالی اشیاء کے فروخت کنندگان

سپلائر کا نام	پتہ	فون نمبر	ویب سائٹ
مسٹر جاوید خان	سمندری، فیصل آباد	0344-4475297	
چولستان گریپس	سی ڈی اے، مین روڈ بہاولپور	0312-6400510	www.cholistangrapes.com
ڈاکٹر اشرف	نیشنل ایگریکلچر کونسل، اسلام آباد	0333-5121879	

10.2۔ کاشت کیلئے انگور کے پودوں کے سپلائر

سپلائر کا نام	پتہ	فون نمبر	ویب سائٹ
ڈاکٹر منصب کھوکھر	نیشنل ایگریکلچر ریسرچ کونسل اسلام آباد	051- 9255027	www.parc.gov.pk
مسٹر اشفاق افتخار	سمندری، فیصل آباد	0344-5313625	
چودھری عبدالستار، چودھری فاورق	ڈسٹرکٹ اوکاڑہ	0300- 7376088 0300-6989654	

10.3۔ ٹیکنیکل ایکسپرٹ، کنسلٹنٹس

نام	پتہ	فون نمبر	ویب سائٹ
الفتح گروپ	الفتح فارمز، بہاولپور	0313-6819760	www.alfatehfarms.com
ڈاکٹر خالد محمود	نیشنل ایگریکلچر ریسرچ کونسل، اسلام آباد	051-9255027	www.parc.gov.pk
مسٹر افتخار احمد	نیشنل ایگریکلچر ریسرچ کونسل، اسلام آباد	0335- 5795064	www.parc.gov.pk
ڈاکٹر محمد اسلم پرویز	ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچر سائنسز، فیکلٹی آف ایگریکلچر، یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد	+92-41-9201281 +92-41-9200161 Ext. 2952	www.uaf.edu.pk

11۔ کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

www.smeda.org.pk	سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائز ڈویلپمنٹ اتھارٹی
www.pakistan.gov.pk	گورنمنٹ آف پاکستان
www.moip.com.pk	منسٹری آف انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن
www.moptt.com.pk	منسٹری آف ایجوکیشن، ٹریننگ اینڈ سٹینڈرڈز ان ہایئر ایجوکیشن
www.punjab.gov.pk	گورنمنٹ آف پنجاب
www.sindh.gov.pk	گورنمنٹ آف سندھ
www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk	گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا
www.balochistan.gov.pk	گورنمنٹ آف بلوچستان
www.gilgitbaltistan.gov.pk	گورنمنٹ آف گلگت بلتستان
wwwlajk.gov.pk	گورنمنٹ آف آزاد جموں اینڈ کشمیر
www.tdap.gov.pk	ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی)
www.secp.gov.pk	سیکیورٹی کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی)
www.fpcci.com.pk	فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی)
www.sbp.org.pk	سٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی)
www.psic.gop.pk	پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن
www.ssic.gos.pk	پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن
www.phdec.org	پاکستان ہارٹیکلچر ڈویلپمنٹ ایکسپورٹ کمپنی (پی ایچ ڈی ای سی)
www.mnfsr.gov.pk	منسٹری آف نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ (ایم این ایف ایس آر)
www.parc.gov.pk	پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل (پی اے آر سی)
www.narc.gov.pk	نیشنل ایگریکلچر ریسرچ کونسل (این اے آر سی)
www.uaf.edu.pk	ایگریکلچر یونیورسٹی آف فیصل آباد (یو اے ایف)
www.punjabagri.gov.pk	ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف پنجاب
www.sindhagri.gov.pk	ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف سندھ
www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk	ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا

12- ضمیمہ جات (ANNEXURES)

12.1-آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

Calculations — **SMEDA**

Income Statement

	Year 1	Year 2	Year 3	Year 4	Year 5	Year 6	Year 7	Year 8	Year 9	Year 10
Revenue	1,560,000	2,552,550	2,972,970	3,451,949	3,797,143	4,176,858	4,594,543	5,053,998	5,559,398	6,115,337
Cost of sales										
Fertilizers, Spray, Irrigation, Green Manures, etc.	390,753	429,828	472,811	520,092	572,101	629,312	692,243	761,467	837,614	921,375
Packaging Cost	60,000	98,175	114,345	132,767	146,044	160,648	176,713	194,385	213,823	235,205
Operation costs 1 (direct labor)	432,000	475,200	522,720	574,992	632,491	695,740	765,314	841,846	926,030	1,018,633
Total cost of sales	882,753	1,003,203	1,109,876	1,227,851	1,350,637	1,485,700	1,634,270	1,797,697	1,977,467	2,175,214
Gross Profit	677,247	1,549,347	1,863,094	2,224,097	2,446,507	2,691,157	2,960,273	3,256,300	3,581,930	3,940,124
General administration & selling expenses										
Land lease rental expense	301,309	331,439	364,583	401,042	441,146	485,260	533,786	587,165	645,882	710,470
Electricity expense	60,000	66,000	72,600	79,860	87,846	96,631	106,294	116,923	128,615	141,477
Communications expense (phone, fax, mail, internet, etc.)	36,000	39,600	43,560	47,916	52,708	57,978	63,776	70,154	77,169	84,886
Office expenses (stationary, entertainment, janitorial services, etc	10,000	11,000	12,100	13,310	14,641	16,105	17,716	19,487	21,436	23,579
Depreciation expense	156,265	156,265	156,265	156,265	156,265	156,265	156,265	156,265	156,265	156,265
Amortization of pre-operating costs	52,805	52,806	52,805	52,805	52,806	52,806	52,805	52,805	52,806	52,805
Subtotal	616,378	657,109	701,913	751,198	805,410	865,044	930,642	1,002,799	1,082,172	1,169,482
Operating Income	60,869	892,237	1,161,181	1,472,899	1,641,096	1,826,113	2,029,631	2,253,501	2,499,759	2,770,641
Earnings Before Interest & Taxes	60,869	892,237	1,161,181	1,472,899	1,641,096	1,826,113	2,029,631	2,253,501	2,499,759	2,770,641
Interest expense on long term debt (Project Loan)	161,243	134,465	103,737	68,476	28,014	-	-	-	-	-
Interest expense on long term debt (Working Capital Loan)	43,903	36,612	28,245	18,645	7,627	-	-	-	-	-
Subtotal	205,145	171,077	131,982	87,121	35,641	-	-	-	-	-
Earnings Before Tax	(144,277)	721,161	1,029,198	1,385,779	1,605,455	1,826,113	2,029,631	2,253,501	2,499,759	2,770,641
Tax	-	85,674	131,879	185,366	218,318	251,417	281,944	315,525	352,463	393,096
NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX	**(144,277)**	**635,487**	**897,319**	**1,200,412**	**1,387,137**	**1,574,696**	**1,747,687**	**1,937,976**	**2,147,295**	**2,377,545**

12.2۔اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

Calculations — **SMEDA**

Balance Sheet

	Year 0	Year 1	Year 2	Year 3	Year 4	Year 5	Year 6	Year 7	Year 8	Year 9	Year 10
Assets											
Current assets											
Cash & Bank	325,095	75,927	595,548	1,323,137	2,314,061	3,434,869	5,138,089	7,004,037	9,048,521	11,288,835	14,773,360
Accounts receivable		64,110	84,504	113,538	132,019	148,954	163,849	180,234	198,258	218,083	239,892
Raw material inventory	36,781	45,980	55,956	68,095	82,394	99,697	120,634	145,967	176,620	213,710	-
Pre-paid annual land lease	301,309	331,439	364,583	401,042	441,146	485,260	533,786	587,165	645,882	710,470	-
Total Current Assets	663,185	517,456	1,100,592	1,905,811	2,969,620	4,168,781	5,956,359	7,917,403	10,069,280	12,431,098	15,013,252
Fixed assets											
Building/Infrastructure	690,000	655,500	621,000	586,500	552,000	517,500	483,000	448,500	414,000	379,500	345,000
Furniture & fixtures	25,900	23,310	20,720	18,130	15,540	12,950	10,360	7,770	5,180	2,590	-
Total Fixed Assets	1,907,650	1,751,385	1,595,120	1,438,855	1,282,590	1,126,325	970,060	813,795	657,530	501,265	345,000
Intangible assets											
Pre-operation costs	528,049	475,244	422,439	369,634	316,830	264,025	211,220	158,415	105,610	52,805	0
Total Intangible Assets	528,049	475,244	422,439	369,634	316,830	264,025	211,220	158,415	105,610	52,805	0
TOTAL ASSETS	**3,098,885**	**2,744,085**	**3,118,152**	**3,714,301**	**4,569,040**	**5,559,131**	**7,137,639**	**8,889,613**	**10,832,420**	**12,985,168**	**15,358,252**
Liabilities & Shareholders' Equity											
Current liabilities											
Accounts payable		20,414	23,998	26,928	30,216	33,610	37,422	41,709	46,540	51,992	47,531
Short term debt	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
Total Current Liabilities	-	20,414	23,998	26,928	30,216	33,610	37,422	41,709	46,540	51,992	47,531
Other liabilities											
Long term debt (Project Loan)	1,217,850	1,036,335	828,044	589,024	314,743	-	-	-	-	-	-
Long term debt (Working Capital Loan)	331,593	282,170	225,457	160,378	85,697	-	-	-	-	-	-
Total Long Term Liabilities	1,549,442	1,318,506	1,053,501	749,402	400,441	-	-	-	-	-	-
Shareholders' equity											
Paid-up capital	1,549,442	1,549,442	1,549,442	1,549,442	1,549,442	1,549,442	1,549,442	1,549,442	1,549,442	1,549,442	1,549,442
Retained earnings		(144,277)	491,210	1,388,529	2,588,941	3,976,078	5,550,775	7,298,462	9,236,438	11,383,733	13,761,279
Total Equity	1,549,442	1,405,166	2,040,652	2,937,971	4,138,383	5,525,521	7,100,217	8,847,904	10,785,880	12,933,175	15,310,721
TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES	**3,098,885**	**2,744,085**	**3,118,152**	**3,714,301**	**4,569,040**	**5,559,131**	**7,137,639**	**8,889,613**	**10,832,420**	**12,985,168**	**15,358,252**

12.3۔گردش نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

Calculations — **SMEDA**

Cash Flow Statement

	Year 0	Year 1	Year 2	Year 3	Year 4	Year 5	Year 6	Year 7	Year 8	Year 9	Year 10
Operating activities											
Net profit		(144,277)	635,487	897,319	1,200,412	1,387,137	1,574,696	1,747,687	1,937,976	2,147,295	2,377,545
Add: depreciation expense		156,265	156,265	156,265	156,265	156,265	156,265	156,265	156,265	156,265	156,265
amortization of pre-operating costs		52,805	52,805	52,805	52,805	52,805	52,805	52,805	52,805	52,805	52,805
Accounts receivable		(64,110)	(20,395)	(29,034)	(18,481)	(16,935)	(14,895)	(16,385)	(18,023)	(19,826)	(21,808)
Raw material inventory	(36,781)	(9,199)	(9,976)	(12,138)	(14,300)	(17,303)	(20,936)	(25,333)	(30,653)	(37,090)	213,710
Accounts payable		20,414	3,585	2,930	3,288	3,394	3,812	4,287	4,831	5,452	(4,462)
Cash provided by operations	(36,781)	11,899	817,770	1,068,146	1,379,989	1,565,363	1,751,746	1,919,326	2,103,201	2,304,901	2,774,055
Financing activities											
Project Loan - principal repayment		(181,514)	(208,292)	(239,020)	(274,281)	(314,743)	-	-	-	-	-
Working Capital Loan - principal repayment		(49,422)	(56,713)	(65,080)	(74,680)	(85,697)	-	-	-	-	-
Add: land lease expense		301,309	331,439	364,583	401,042	441,146	485,260	533,786	587,165	645,882	710,470
Land lease payment	(301,309)	(331,439)	(364,583)	(401,042)	(441,146)	(485,260)	(533,786)	(587,165)	(645,882)	(710,470)	-
Short term debt principal repayment		-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
Additions to Project Loan	1,217,850	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
Additions to Working Capital Loan	331,593	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
Issuance of shares	1,549,442	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
Cash provided by / (used for) financing activities	2,797,576	(261,067)	(298,149)	(340,558)	(389,065)	(444,555)	(48,526)	(53,379)	(58,717)	(64,588)	710,470
Investing activities											
Capital expenditure	(2,435,699)	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
Acquisitions											
Cash (used for) / provided by investing activities	(2,435,699)	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
NET CASH	**325,095**	**(249,169)**	**519,622**	**727,589**	**990,924**	**1,120,808**	**1,703,220**	**1,865,948**	**2,044,484**	**2,240,313**	**3,484,525**

13۔ کلیدی مفروضے (Key Assumptions)

13.1۔روزمرہ کے اخراجات کا مفروضہ

مندرجات	تفصیلات
نقل وحمل کے اخراجات	3000روپے ماہانہ
دفتری اخراجات (سٹیشنری، انٹرٹیمنٹ وغیرہ)	10,000روپے سالانہ
فرسودگی ریٹ	10فیصد (فرنیچر اور دفتری سازوسامان پر)
اخراجات میں اضافہ (سالانہ)	10فیصد

13.2۔ پیداواری مفروضات

مندرجات	تفصیلات
پودوں کی تعداد فی ایکڑ	600
پھل لگنے سے پہلے کے اخراجات	
سبز کھاد بوائی سے پہلے (2ٹن فی ایکڑ)	10,000روپے فی ٹن (بوائی سے 1ماہ پہلے)
این پی کے کی مقدار (2 گرام فی پودا)	480روپے (بوائی سے 1ماہ پہلے)
پانی (بوائی سے پہلے 1بار)	600روپے فی ایکڑ
پانی بوائی کے بعد (26مرتبہ، ہر 15دن بعد)	78000روپے
فنگل سپرے کے اخراجات (بوائی کے 6مہینے بعد)	550روپے
پھل لگنے کے بعد کے اخراجات	
این پی کے کی مقدار (2 گرام فی پودا)	528روپے (سال کیلئے)
سبز کھاد (2ٹن فی ایکڑ)	11,000
فنگل سپرے کے اخراجات	605روپے فی ایکڑ
پانی 1سال میں 84بار، (ہر 5دن بعد 9مہینے تک)، (ہر 3بعد 3 مہینے تک)	660روپے فی ایکڑ
ضائع ہونے والا پھل	10فیصد
پیکنگ کے اخراجات	5روپے فی کلو
پیداواری اخراجات میں اضافے کی شرح	10فیصد

13.3 ۔ آمدنی کے مفروضات

مندرجات	تفصیلات
قیمت فروخت فی کلو	130 روپے
قیمت فروخت میں اضافہ	10 فیصد
انگور کی زیادہ سے زیادہ پیداوار فی پودا	7 کلوگرام
انگور کی پیداوار فی پودا (1 سال میں)	5 کلوگرام

13.4۔ مالیاتی مفروضات

مندرجات	تفصیلات
قرضہ	50 فیصد
ذاتی سرمایہ	50 فیصد
قرضہ پر شرح سود	14 فیصد
قرضہ کی مدت واپسی	5 سال
قرضہ کی ادائیگی کی قسط (ہر 3 مہینے بعد)	4 اقساط